SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
February 23, 2017
For immediate release

ایس ای سی پی کے مذہبی بورڈ نے دو نئے مضاربہ کے پراسپیکٹسوں کی منظوری دے دی

اسلام آباد (۲۲فروری) مضاربہ سیکٹر کے لئے وفاقی حکومت کے قائم کردہ مذہبی بورڈ نے دو نئے مضاربہ، حبیب میٹرو مضاربہ اور اوریئنٹ رینٹل مضاربہ کے پراسپیکٹسوں کی منظوری دے دی ہے۔ دونوں مضاربہ کے سرٹیفیکیٹ پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں لسٹ بھی کئے جائیں گے جس سے سٹاک مارکیٹ میں آٹھ سو ملین روپے کی تازہ سرمایہ کاری ہو گی۔

بورڈ کے چیئرمین جناب جسٹس ریٹائرڈ خلیل الرحمن خان کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں پراسپیکٹوں کا جائزہ لینے کے بعد بورڈ نے تصدیق کی ہے کہ ان دونوں مضاربہ کے پراسپیکٹسوں میں درج کاروبار اسلامی احکامات سے متصادم نہیں ہیں۔ مضاربہ مینجمنٹ کمپنیوں کی جانب سے مضاربہ کے کسی بھی نئے کاروباری منصوبے کے پراسپیکٹس کے شریعہ کے مطابق جائزہ اور اس کی منظوری کے لئے مضاربہ آرڈیننس ۱۹۸۰ء کے تحت وفاقی حکومت نے مذہبی بورڈ قائم کیا ہے۔

حبیب میٹروپولیٹن مضاربہ مینجمنٹ کمپنی نے تین سو ملین کے اداشدہ سرمائے کے ساتھ ایک نیا مضاربہ جاری کرنے کی تجویز دی تھی جو کہ مالیاتی شعبہ میں ایک مستقل، کثیر المقاصد مضاربہ ہو گا۔ یہ مضاربہ بنیادی انفرادی اور کارپوریٹ صارفین کو فنانسنگ کے آر وی ماڈل کے ذریعے کار فنانسنگ کی سہولت فراہم کرے گا۔ آر۔ وی کار فنانسنگ ماڈل میں گاڑی کا ماہانہ کرایہ فنانسنگ کے اجارا ماڈل کے مقابلے میں کم ہوتا ہیں۔ اس کے علاوہ یہ مضاربہ اپنے صارفین کو اجارا، رینٹل اور مشارکہ کی بنیاد پر سولر پاور سولوشن بھی فراہم کرے گا۔

اوریئنٹ رینٹل مضاربہ ایمان مینجمنٹ پرائیویٹ لمیٹیڈ کی جاری کیا گیا جس کا منظور شدہ اور اداشدہ سرمایہ پانچ سو ملین روپے ہے۔ اورینٹ مضاربہ بھی ایک مستقل اور کثیر المقاصد مضاربہ ہو گا اور بنیادی طور پر جنریٹرز اور بھاری مشینری کے رینٹل کا کاروبار کریں گے۔

یہ دونوں مضاربہ ربا کی بنیاد پر کی جانے والے لین دین میں ملوث نہیں ہوں گے اور اپنا کاروبار مضاربہ کے ریگولیٹری فریم ورک، اپنے پراسپیکٹس کے مقاصد اور شریعہ کے اصولوں اور بورڈ کی جانب سے منظور شدہ فنانسنگ کے ماڈل معاہدوں کے مطابق مطابق انجام دیں گے۔ یہ دونوں مضاربہ اپنے روزمرہ کے کاروباری فرائض میں رہنمائی حاصل کرنے کے لئے شریعہ ایڈوائزر بھی تعینات کریں گے۔ امید ہے کہ نئے مضاربہ سے اس شعبے میں سرمایہ کاری بڑھے گی اور عوام کو اسلامی مالیاتی اداروں میں سرمایہ کاری کی طرف راغب کریں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254